Assistant Professor (College Edu. Deptt.) Exam-2025

Exam Date:- 12/12/2025

पुस्तिका में पृष्ठों की संख्या : 24
Number of Pages in Booklet : 24
पुस्तिका में प्रश्नों की संख्या : 150
No. of Questions in Booklet : 150

**CAP-25**

इस प्रश्न-पुस्तिका को तब तक न खोलें जब तक कहा न जाए। Do not open this Question Booklet until you are asked to do so.

910537

प्रश्न-पुस्तिका संख्या व बारकोड / Question Booklet No. & Barcode

**Paper Code : 17**

**Paper – I**
**Sub : Urdu-I**

**समय : 03:00 घण्टे + 10 मिनट अतिरिक्त***
**Time : 03:00 Hours + 10 Minutes Extra***

**अधिकतम अंक : 75**
**Maximum Marks : 75**

प्रश्न-पुस्तिका के पेपर की सील/पॉलिथीन बैग को खोलने पर प्रश्न-पत्र हल करने से पूर्व परीक्षार्थी यह सुनिश्चित कर लें कि :
- प्रश्न-पुस्तिका संख्या तथा ओ.एम.आर. उत्तर-पत्रक पर अंकित बारकोड संख्या समान हैं।
- प्रश्न-पुस्तिका एवं ओ.एम.आर. उत्तर-पत्रक के सभी पृष्ठ व सभी प्रश्न सही मुद्रित हैं। समस्त प्रश्न, जैसा कि ऊपर वर्णित है, उपलब्ध हैं तथा कोई भी पृष्ठ कम नहीं है/ मुद्रण त्रुटि नहीं है।

किसी भी प्रकार की विसंगति या दोषपूर्ण होने पर परीक्षार्थी वीक्षक से दूसरा प्रश्न-पत्र प्राप्त कर लें। यह सुनिश्चित करने की जिम्मेदारी अभ्यर्थी की होगी। परीक्षा प्रारम्भ होने के 5 मिनट पश्चात् ऐसे किसी दावे/आपत्ति पर कोई विचार नहीं किया जायेगा।

**On opening the paper seal/polythene bag of the Question Booklet before attempting the question paper, the candidate should ensure that :**
- **Question Booklet Number and Barcode Number of OMR Answer Sheet are same.**
- **All pages & Questions of Question Booklet and OMR Answer Sheet are properly printed. All questions as mentioned above are available and no page is missing/misprinted.**

**If there is any discrepancy/defect, candidate must obtain another Question Booklet from Invigilator. Candidate himself shall be responsible for ensuring this. No claim/objection in this regard will be entertained after five minutes of start of examination.**

## परीक्षार्थियों के लिए निर्देश

1. **प्रत्येक प्रश्न के लिये एक विकल्प भरना अनिवार्य है।**
2. **सभी** प्रश्नों के अंक समान हैं।
3. प्रत्येक प्रश्न का मात्र **एक** ही उत्तर दीजिए। एक से अधिक उत्तर देने की दशा में प्रश्न के उत्तर को गलत माना जाएगा।
4. **OMR** उत्तर-पत्रक इस प्रश्न-पुस्तिका के अन्दर रखा है। जब आपको प्रश्न-पुस्तिका खोलने को कहा जाए, तो उत्तर-पत्रक निकाल कर ध्यान से केवल **नीले बॉल पॉइंट पेन** से विवरण भरें।
5. कृपया अपना रोल नम्बर ओ.एम.आर. उत्तर-पत्रक पर सावधानीपूर्वक सही भरें। गलत रोल नम्बर भरने पर परीक्षार्थी स्वयं उत्तरदायी होगा।
6. **ओ.एम.आर. उत्तर-पत्रक में करेक्शन पेन/व्हाईटनर/सफेदा का उपयोग निषिद्ध है।**
7. **प्रत्येक गलत उत्तर के लिए प्रश्न अंक का 1/3 भाग काटा जायेगा।** गलत उत्तर से तात्पर्य अशुद्ध उत्तर अथवा किसी भी प्रश्न के एक से अधिक उत्तर से है।
8. **प्रत्येक प्रश्न के पाँच विकल्प दिये गये हैं, जिन्हें क्रमश: 1, 2, 3, 4, 5 अंकित किया गया है। अभ्यर्थी को सही उत्तर निर्दिष्ट करते हुए उनमें से केवल एक गोले (बबल) को उत्तर-पत्रक पर नीले बॉल पॉइंट पेन से गहरा करना है।**
9. **यदि आप प्रश्न का उत्तर नहीं देना चाहते हैं तो उत्तर-पत्रक में पाँचवें (5) विकल्प को गहरा करें। यदि पाँच में से कोई भी गोला गहरा नहीं किया जाता है, तो ऐसे प्रश्न के लिये प्रश्न अंक का 1/3 भाग काटा जायेगा।**
10.* **प्रश्न-पत्र हल करने के उपरांत अभ्यर्थी अनिवार्य रूप से ओ.एम.आर. उत्तर-पत्रक जाँच लें कि समस्त प्रश्नों के लिये एक विकल्प (गोला) भर दिया गया है। इसके लिये ही निर्धारित समय से 10 मिनट का अतिरिक्त समय दिया गया है।**
11. **यदि अभ्यर्थी 10% से अधिक प्रश्नों में पाँच विकल्पों में से कोई भी विकल्प अंकित नहीं करता है तो उसको अयोग्य माना जायेगा।**
12. **मोबाइल फोन अथवा अन्य किसी इलेक्ट्रोनिक यंत्र का परीक्षा हॉल में प्रयोग पूर्णतया वर्जित है। यदि किसी अभ्यर्थी के पास ऐसी कोई वर्जित सामग्री मिलती है तो उसके विरुद्ध आयोग द्वारा नियमानुसार कार्यवाही की जायेगी।**

**चेतावनी :** अगर कोई अभ्यर्थी नकल करते पकड़ा जाता है या उसके पास से कोई अनधिकृत सामग्री पाई जाती है, तो उस अभ्यर्थी के विरुद्ध पुलिस में प्राथमिकी दर्ज कराते हुए **राजस्थान सार्वजनिक परीक्षा (भर्ती में अनुचित साधनों की रोकथाम अध्युपाय) अधिनियम, 2022 तथा अन्य प्रभावी कानून एवं आयोग के नियमों-प्रावधानों** के तहत कार्यवाही की जाएगी। साथ ही आयोग ऐसे अभ्यर्थी को भविष्य में होने वाली आयोग की समस्त परीक्षाओं से विवर्जित कर सकता है।

## INSTRUCTIONS FOR CANDIDATES

1. **It is mandatory to fill one option for each question.**
2. **All** questions carry equal marks.
3. Only **one** answer is to be given for each question. If more than **one** answers are marked, it would be treated as wrong answer.
4. The **OMR** Answer Sheet is inside this Question Booklet. When you are directed to open the Question Booklet, take out the Answer Sheet and fill in the particulars carefully with **Blue Ball Point Pen** only.
5. Please correctly fill your Roll Number in **OMR** Answer Sheet. Candidates will themselves be responsible for filling wrong Roll No.
6. **Use of Correction Pen/Whitener in the OMR Answer Sheet is strictly forbidden.**
7. **1/3 part of the mark(s) of each question will be deducted for each wrong answer.** A wrong answer means an incorrect answer or more than one answers for any question.
8. **Each question has five options marked as 1, 2, 3, 4, 5. You have to darken only one circle (bubble) indicating the correct answer on the Answer Sheet using BLUE BALL POINT PEN.**
9. **If you are not attempting a question then you have to darken the circle '5'. If none of the five circles is darkened, one third (1/3) part of the marks of question shall be deducted.**
10.* **After solving question paper, candidate must ascertain that he/she has darkened one of the circles (bubbles) for each of the questions. Extra time of 10 minutes beyond scheduled time, is provided for this.**
11. **A candidate who has not darkened any of the five circles in more than 10% questions shall be disqualified.**
12. **Mobile Phone or any other electronic gadget in the examination hall is strictly prohibited. A candidate found with any of such objectionable material with him/her will be strictly dealt with as per rules.**

**Warning :** If a candidate is found copying or if any unauthorized material is found in his/her possession, F.I.R. would be lodged against him/her in the Police Station and he/she would be liable to be prosecuted under **Rajasthan Public Examination (Measures for Prevention of Unfair means in Recruitment) Act, 2022 & any other laws applicable and Commission's Rules-Regulations.** Commission may also debar him/her permanently from all future examinations.

**उत्तर-पत्रक में दो प्रतियाँ हैं – मूल प्रति और कार्बन प्रति। परीक्षा समाप्ति पर परीक्षा कक्ष छोड़ने से पूर्व परीक्षार्थी उत्तर-पत्रक की दोनों प्रतियाँ वीक्षक को सौंपेंगे, परीक्षार्थी स्वयं कार्बन प्रति अलग नहीं करें। वीक्षक उत्तर-पत्रक की मूल प्रति को अपने पास जमा कर, कार्बन प्रति को मूल प्रति से कट लाइन से मोड़ कर सावधानीपूर्वक अलग कर परीक्षार्थी को सौंपेंगे, जिसे परीक्षार्थी अपने साथ ले जायेंगे। परीक्षार्थी को उत्तर-पत्रक की कार्बन प्रति चयन प्रक्रिया पूर्ण होने तक सुरक्षित रखनी होगी एवं आयोग द्वारा माँगे जाने पर प्रस्तुत करनी होगी।**

1. غزل میں عشقیہ عناصر کی لطافت کو کیا کہا جاتا ہے؟

(1) لطف (2) تغزل

(3) ادا (4) معاملہ

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

2. رباعی کے لیے کتنے اوزان مقرر ہیں؟

(1) 4 (2) 8

(3) 12 (4) 24

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

3. ذیل میں سے وہ کون سا شاعر ہے جس نے سب سے پہلے مسدس کی شکل میں مرثیے کہے؟

(1) سوداؔ (2) میر ضمیرؔ

(3) میر خلیق (4) دبیرؔ

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

4. عربی میں گریز کا اصل نام کیا ہے؟

(1) توصل، خروج اور تخلص

(2) تبدل، عروج اور اسم

(3) تموج، سکون اور نبیذ

(4) ترنم، قعود اور نبیل

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

5. سوداؔ کا قصیدہ "تضحیکِ روزگار" کس طرح کے قصیدے کی مثال ہے؟

(1) مدحیہ (2) ہجویہ

(3) حمدیہ (4) نعتیہ

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

6. نے گل نغمہ ہوں نہ پردۂ ساز

میں ہوں اپنی شکست کی آواز

غالبؔ کی یہ غزل کس طرح کی ہے؟

(1) مردّف (2) غیر مردّف

(3) غزل مسلسل (4) سادہ

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

7. دیکھو تو دل کہ جاں سے اٹھتا ہے

یہ دھواں سا کہاں سے اٹھتا ہے

درج بالا مطلع کے دوسرے مصرعے میں کون سا لفظ بطور قافیہ استعمال کیا گیا ہے؟

(1) اٹھتا ہے (2) سے اٹھتا ہے

(3) دھواں (4) کہاں

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

8. قصیدے کا وہ حصّہ جس میں شاعر اپنے ممدوح سے اپنے لیے صلہ و بخشش اور اعزاز و اکرام طلب کرتا ہے، کیا کہلاتا ہے؟

(1) تشبیب (2) گریز

(3) مدح (4) حسن طلب

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

9. اقبال کی نظم ''والدہ مرحومہ کی یاد میں'' کس ہیئت میں ہے؟
(1) غزل (2) مثنوی
(3) رباعی (4) ترکیب بند
(5) سوال حل نہیں کیا گیا

10. ''اگر کسی قصیدے کی تشبیب میں شاعر اپنے ذاتی حالات و کوائف کا بیان اور زمانے کی شکایت کا ذکر کرے تو ایسے قصیدے کو کیا کہتے ہیں؟
(1) قصیدہ بیانیہ
(2) قصیدہ بہاریہ
(3) قصیدۂ حالیہ
(4) قصیدۂ فخریہ
(5) سوال حل نہیں کیا گیا

11. میراجی کس ادبی رسالے کے کئی سال تک مدیر رہے؟
(1) ادبی دنیا (2) ادبِ لطیف
(3) ساقی (4) ہمایوں
(5) سوال حل نہیں کیا گیا

12. مرثیہ ''حسین اور انقلاب'' کس شاعر کی تخلیق ہے؟
(1) جوشؔ (2) نجم آفندی
(3) جمیل مظہری (4) مہدی نظمی
(5) سوال حل نہیں کیا گیا

13. محمد حسین آزاد کس انگریز عہدیدار کی ایما پر 1874 میں انجمن پنجاب کے زیرِ اہتمام مناظمہ کا آغاز کیا؟
(1) کرنل ہالرائڈ (2) جان گلکرسٹ
(3) ایس ڈبلیو فیلن (4) ڈبلیو سی ایلیٹ
(5) سوال حل نہیں کیا گیا

14. اردو میں نظمِ معرّا کا سب سے پہلا تجربہ کس شاعر نے کیا؟
(1) نظیر اکبرآبادی (2) امیر مینائی
(3) محمد حسین آزاد (4) اکبرالٰہ آبادی
(5) سوال حل نہیں کیا گیا

15. 'سرودِنو' ذیل میں سے کس شاعر کا شعری مجموعہ ہے؟
(1) میراجی (2) تصدق حسین خالدؔ
(3) علی سردار جعفری (4) مختار صدیقی
(5) سوال حل نہیں کیا گیا

16. وہ نظم جو کسی مخصوص بحر میں کہی جاتی ہے، اس کا عنوان بھی ہوتا ہے لیکن اس میں قافیہ نہیں ہوتا، کیا کہلاتی ہے؟
(1) پابند نظم (2) معرّا نظم
(3) آزاد نظم (4) نثری نظم
(5) سوال حل نہیں کیا گیا

**17.** نظم کی وہ ہیئت جس میں مصرعے غیر مساوی ہوتے ہیں، عروض کی سخت گیری نہیں ہوتی مگر وزن اور آہنگ کا خیال رکھا جاتا ہے۔ کیا کہلاتی ہے؟

(1) نظم معرّیٰ (2) نظم غیر مقفّیٰ

(3) نظم آزاد (4) نثری نظم

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

**18.** ذیل میں سے کون سا ادیب رسالہ 'ہمایوں' کے حلقۂ ادارت سے وابستہ رہا؟

(1) مولانا عبدالماجد دریابادی

(2) مولانا تاجور نجیب آبادی

(3) مولانا ابوالکلام آزاد

(4) مولانا حسین احمد مدنی

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

**19.** 'دیمک زدہ تاریخ'، کس شاعر کی نثری نظموں کا مجموعہ ہے؟

(1) سجاد ظہیر (2) افضال احمد سید

(3) کشور ناہید (4) زبیر رضوی

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

**20.** آزاد نظم 'رقص' کے خالق کون ہیں؟

(1) عظمت اللہ خاں (2) تصدق حسین خالد

(3) ن۔م۔راشد (4) میرآجی

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

**21.** اردو گیت پر کس ادبی روایت کا گہرا اثر ہے؟

(1) ہندی گیت (2) سنسکرت گیت

(3) عربی گیت (4) فارسی کے گیت

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

**22.** حنیف کیفی کی تحقیق کے مطابق اردو کا پہلا سانیٹ نگار کون ہے؟

(1) ن۔م۔راشد

(2) اختر جوناگڑھی

(3) تصدق حسین خالد

(4) اختر شیرانی

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

**23.** اردو کا پہلا دوہا نگار کسے تسلیم کیا جاتا ہے؟

(1) فراق گورکھپوری

(2) میراجی شمس العشاق

(3) عابد پیشاوری

(4) بھگوان داس اعجاز

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

**24.** اندرجیت شرما کس صنف کے باقاعدہ شاعر ہیں؟

(1) غزل (2) سانیٹ

(3) مرثیہ (4) گیت

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

25. ماہیا بنیادی طور پر کس زبان کی صنف ہے؟

(1) بھوجپوری (2) پنجابی

(3) اودھی (4) تیلگو

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

26. اردو میں گیت کی روایت کس شاعر سے منسوب کی جاتی ہے؟

(1) مظہر جان جاناں (2) میر تقی میر

(3) امیر خسرو (4) فغاں

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

27. غنائی شاعری کی وہ کون سی ہیئت، جس میں مصرعوں کی کل تعداد چودہ ہوتی ہے؟

(1) ترائیلے (2) سانیٹ

(3) گیت (4) ہائیکو

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

28. کبیرا کھڑا بجار میں مانگے سب کی کھیر

ناکو ہو سے دوستی نہ کو ہو سے بیر

درج بالا مصرعے کس صنف شاعری کی مثال ہیں؟

(1) گیت (2) سانیٹ

(3) ماہیا (4) دوہا

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

29. کس صنف شاعری کا آغاز اطالوی زبان میں ہوا اور انگریزی میں بھی اسے مقبولیت ملی؟

(1) ماہیا (2) ترائیلے

(3) ہائیکو (4) سانیٹ

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

30. کالم-I میں دکن کی ریاستوں کے نام اور کالم-II میں ان کی بادشاہتوں کے نام درج ہیں۔ درست جوڑ کی نشاندہی کیجیے:

| | کالیم-I | | کالم-II |
|---|---|---|---|
| I. | بیجاپور | A. | نظام شاہی سلطنت |
| II. | گولکنڈہ | B. | برید شاہی سلطنت |
| III. | بیدر | C. | قطب شاہی سلطنت |
| IV. | احمد نگر | D. | عادل شاہی سلطنت |

(1) B-I، C-II، A-III اور D-IV

(2) A-I، B-II، C-III اور D-IV

(3) B-I، C-II، D-III اور A-IV

(4) D-I، C-II، B-III اور A-IV

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

31. مندرجہ ذیل میں سے کون سی صنف جاپانی سے اردو میں آئی ہے؟

(1) ہائیکو (2) سانیٹ

(3) ترائیلے (4) اوپیرا

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

32. سید محمد فراقی ذیل میں سے کس کا ہم عصر شاعر ہے؟

(1) قلی قطب شاہ (2) ابراہیم عادل شاہ

(3) ولی (4) میر تقی میر

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

33. نصرتی کی مثنوی "تاریخ اسکندری" میں کل کتنے اشعار ہیں؟

(1) 645 (2) 554

(3) 712 (4) 665

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

34. گولکنڈہ میں قطب شاہی حکومت کب سے کب تک قائم رہی؟

(1) 1485 سے 1700 تک

(2) 1508 سے 1686 تک

(3) 1525 سے 1675 تک

(4) 1550 سے 1650 تک

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

35. لازم المبتدی کس کی تصنیف ہے؟

(1) اشرف بیابانی (2) جنیدی

(3) ایاغی (4) بابا فرید گنج شکر

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

36. ابراہیم نامہ کس کی تخلیق ہے؟

(1) ابراہیم عادل شاہ

(2) عبدل

(3) عشرتی

(4) فضلی

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

37. مندرجہ ذیل میں سے قاضی محمود بحری کی تصنیف کون سی ہے؟

(1) من لگن

(2) منویہ مدھومالتی

(3) چندر بدن ومہیار

(4) من سمجھاون

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

38. "خوب ترنگ" کس کی تصنیف ہے؟

(1) شیخ بہاءالدین باجن

(2) خوب محمد چشتی

(3) شاہ علی جیو گام دھنی

(4) وجدی

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

39. مندرجہ ذیل میں سے دکنی اردو کی ایک دلچسپ صوتی خصوصیت کون سی ہے؟

(1) ''ر'' کی ''ڑ'' سے تبدیلی

(2) ''ج'' کی ''ز'' سے تبدیلی

(3) ''ق'' کی ''خ'' سے تبدیلی

(4) ''س'' کی ''ش'' سے تبدیلی

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

40. دکنی اردو میں ''چ'' تاکیدی اور ''نکو'' کا استعمال کس زبان کے زیر اثر شروع ہوا؟

(1) کنڑ

(2) تیلگو

(3) گجری

(4) مرہٹی

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

41. دکن کی کس مثنوی میں شہدائے کربلا کو موضوع بنایا گیا؟

(1) نوسرہار

(2) قطب مشتری

(3) پھولبن

(4) علی نامہ

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

42. دکنی اردو میں 'ق' کی آواز کس حرف سے بدل جاتی ہے؟

(1) ک سے

(2) گ سے

(3) خ سے

(4) غ سے

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

43. ولی کس معروف شخصیت کے ساتھ پہلی بار دلّی تشریف لائے تھے؟

(1) ابن بطوطہ

(2) سعداللہ گلشن

(3) امیر خسرو

(4) سیدابوالمعالی

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

44. دکنی اردو میں مضمون پر ختم ہونے والے الفاظ کی جمع عموماً کس طرح بناتے ہیں؟

(1) ہمزہ لگا کر

(2) مد لگا کر

(3) 'ان' کے اضافے کے ساتھ

(4) تشدید لگا کر

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

45. محمد قلی قطب شاہ کس کے فرزند تھے ؟

(1) عبداللہ قطب شاہ

(2) محمد قطب شاہ

(3) ابراھیم قطب شاہ

(4) قلی قطب شاہ

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

46. مثنوی کدم راؤ پدم راؤ کس بادشاہ کے زمانے میں لکھی گئی تھی ؟

(1) سلطان احمد شاہ

(2) سلطان محمد شاہ

(3) قلی قطب شاہ

(4) واجد علی شاہ

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

47. دکن کے مقبول شاعر "ولی" کا پورا نام کیا ہے ؟

(1) محمد شاہ ولی

(2) شاہ ولی

(3) ولی اللہ

(4) شمس الدین

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

48. دکن کے شاعر ابن نشاطی کس کے دربار سے وابستہ تھے ؟

(1) قلی قطب شاہ

(2) احمد قطب شاہ

(3) عبداللہ قطب شاہ

(4) محمد قطب شاہ

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

49. دکن کے شاعر شاہ امین الدین اعلیٰ کے والد کا کیا نام تھا؟

(1) برہان الدین جانم

(2) بندہ نواز گیسو دراز

(3) علی عادل شاہ

(4) نصرتی

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

50. خواجہ بندہ نواز گیسو دراز کا اصل نام کیا تھا؟

(1) احمد حسین جاہ

(2) سید محمد جاہ

(3) سید محمد حسینی

(4) بندہ نواز حسینی

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

51. محمد قلی قطب شاہ کا ابتدائی تخلص کیا تھا؟

(1) فدوی

(2) شاہ

(3) معانی

(4) قطب

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

52. ذیل میں سے کون سی تصانیف نصرتی کی ہیں؟

(1) شاہ نامہ اور فریب عشق

(2) طوطی نامہ اور صلح نامہ

(3) گلشن عشق اور علی نامہ

(4) بہار عشق اور شعلہ عشق

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

53. میراں جی شمس العشاق کا تعلق کس کے سلسلے سے تھا؟

(1) خواجہ برہان الدین جانم

(2) خواجہ بندہ نواز گیسو دراز

(3) سید شاہ ولی اللہ

(4) میر اشرف بیابانی

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

54. ملا وجہی نے اپنی مشہور کتاب "سب رس" کس کی فرمائش پر لکھی؟

(1) سلطان محمد شاہ

(2) سلطان احمد شاہ

(3) سلطان قلی قطب شاہ

(4) سلطان عبداللہ قطب شاہ

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

55. شاعری میں ولی کو کس کا شاگرد لکھا ہے؟

(1) شاہ گلشن

(2) احمد شاہ

(3) محمد شاہ

(4) شیخ ہمدان

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

56. فارسی کے ادب عالیہ میں وجہی نے کن شعرا کا گہرا اثر قبول کیا؟

(1) محمود اور غواصی

(2) فیروز اور ابن نشاطی

(3) امیر خسرو اور خاقانی

(4) نصرتی اور ولی

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

**57.** دکن کے شاعر غواصی نے کل کتنی مثنویاں لکھی ہیں؟

(1) چار (2) دو

(3) تین (4) پانچ

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

**58.** مثنوی "سیف الملوک وبدیع الجمال" کس کی تصنیف ہے؟

(1) نصرتی (2) ابن نشاطی

(3) وجہی (4) غواصی

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

**59.** اس دکھن کے شاعراں میں تج شہنشاہ کے نزدیک

ہے غواصی ہور وجہی شاعر حاضر جواب

درج بالا شعر کس کا ہے؟

(1) ابن نشاطی (2) نصرتی

(3) غواصی (4) وجہی

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

**60.** ولی دکنی کا موزنہ انگریزی کے کس شاعر سے کیا جاتا ہے؟

(1) ورڈس ورتھ (2) شیکسپیئر

(3) چاسر (4) پیٹس

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

**61.** دبستان دلی کی ابتداء کے جتنے شاعر ولی کی تقلید میں شعر کہنے لگے تھے، انہوں نے اپنے اشعار کی بنیاد کس پر رکھی؟

(1) قصیدہ (2) ایہام گوئی

(3) ہجو (4) مثنوی

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

**62.** ولی کے دلی آنے کے بعد کن شعراء نے ریختہ جمائی؟

(1) دردؔ اور فغاںؔ

(2) آبروؔ اور یقینؔ

(3) مصحفیؔ اور مضمونؔ

(4) ناجی اور انشاء

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

**63.** دبستان دلی کا آخری دور کس شاعر سے منسوب ہے؟

(1) فغاںؔ (2) مومنؔ

(3) بیاںؔ (4) داغؔ

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

**64.** واردات قلبی اور گداز دل کس دبستان کا خاصّہ ہے؟

(1) دلی دبستان

(2) لکھنؤ دبستان

(3) دبستان رام پور

(4) دبستان عظیم آباد

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

65. درج ذیل میں سے کس شاعر کا خاندانی پیشہ سپہ گری تھا، چنانچہ انہوں نے اپنی معاشی زندگی کا آغاز فوج میں ملازمت سے کیا؟

(1) مرزا داغ دہلوی (2) مومن خاں مومن
(3) مرزا غالب (4) مرزا محمد رفیع سوداؔ
(5) سوال حل نہیں کیا گیا

66. اس فن میں کوئی بے تہ کیا ہو مرا معارض
اول تو میں مسند ہوں، پھر یہ مری زباں ہے
درج بالا شعر کس شاعر نے اپنے بارے میں کہا ہے؟

(1) خواجہ میر دردؔ
(2) میر تقی میرؔ
(3) مرزا اسد اللہ خاں غالب
(4) مومن خاں مومن
(5) سوال حل نہیں کیا گیا

67. "درباری کی بہ دولت شعرا میں آپس کے معرکے ہونے لگے یعنی مشاعرے کی صورت بگڑ کر مجادلے کی ہو گئی۔ آپس میں ہجو بازی اور اس سے گزر کر دھول دھپے تک کی نوبت پہنچنے لگی"۔
درج بالا خصوصیات کس دبستان شاعری میں پائی جاتی ہیں؟

(1) دبستان لکھنؤ (2) دبستان دلّی
(3) دبستان عظیم آباد (4) دبستان رام پور
(5) سوال حل نہیں کیا گیا

68. ذوق نے کس کی شادی میں تہنیتی قصیدہ تحریر کیا ہے جس کا معروف ہے کہ
ہے اٹھا عیش کا طوفاں بسرِ ساحل یم
زمزمہ موج کا بربط سے ہوا ہے ہمدم

(1) اورنگ زیب کی شادی میں
(2) بہادر شاہ ظفر کی شادی میں
(3) شاہ عالم ثانی کی شادی میں
(4) شہزادہ سلیم کی شادی میں
(5) سوال حل نہیں کیا گیا

69. خار کا کھٹکا نہیں رکھتے ہیں ہم آتش قدم
موم ہو جائے اگر آجائے آہن زیر پا
درج بالا شعر کس کا ہے؟

(1) حیدر علی آتشؔ (2) مرزا غالب
(3) مومن خاں مومنؔ (4) ابراہیم ذوقؔ
(5) سوال حل نہیں کیا گیا

70. دہلی کی بربادی پر سب اہل فن یہاں سے ہجرت کر کے دوسری جگہوں پر چلے گئے لیکن ذیل میں سے کون سا شاعر ہے جو دہلی میں ہی قیام پذیر رہا؟

(1) خواجہ میر دردؔ
(2) میر تقی میرؔ
(3) مرزا محمد رفیع سوداؔ
(4) مرزا داغؔ دہلوی
(5) سوال حل نہیں کیا گیا

71. میر کی وفات 1810ء میں ہوئی۔ اس وقت مرزا غالب کی عمر کیا تھی؟

(1) 18 برس (2) 13 برس

(3) 22 برس (4) 25 برس

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

72. ذیل میں سے کس شاعر کا انتقال اپنے ہم عصر شعرا غالب اور ذوقؔ سے پہلے ہوا؟

(1) بہادر شاہ ظفر

(2) مومن خاں مومنؔ

(3) مصطفٰی خاں شیفتہ

(4) الطاف حسین حالی

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

73. شیخ محمد ابراہیم ذوقؔ نے سید عاشق نہال چشتی کی مدح میں کل کتنے قصیدے لکھے ہیں؟

(1) تین (2) ایک

(3) پانچ (4) سات

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

74. ناسخؔ کا کلیات کتنے دیوانوں پر مشتمل ہے؟

(1) دو (2) چار

(3) تین (4) پانچ

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

75. منیر شکوہ آبادی نے نعتیہ قصیدہ کس عنوان سے لکھا؟

(1) سرکشانِ جہاں

(2) سحرِ زندانی

(3) قتلِ حسین

(4) فریادِ زندانی

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

76. ٹھنڈی ٹھنڈی وہ ہوائیں وہ بیاباں وہ سحر
دم بہ دم جھومتے تھے، وجد کے عالم میں شجر
اوس نے فرش زمرّد پہ بچھائے تھے گہر
لوٹی جاتی تھی لہکتے ہوئے سبزے پر نظر
دشت سے جھوم کے جب بادِ صبا آتی تھی
صاف غنچوں کے چٹکنے کی صدا آتی تھی

درج بالا شعری جز کس کے مرثیے سے ماخوذ ہے؟

(1) میر انیس (2) مرزا دبیر

(3) محسن کاکوروی (4) مولانا حالی

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

77. ذیل میں سے کس کی مدح میں سوداؔ نے قصائد لکھے ہیں؟

(1) شاہ عالم (2) بہادر شاہ ظفر

(3) واجد علی شاہ (4) آصف الدولہ

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

78. میر حسن نے مثنوی سحرالبیان کی تصنیف کس کے عہد میں کی؟

(1) واجد علی شاہ

(2) آصف الدولہ

(3) شجاع الدولہ

(4) صفدر جنگ

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

79. مثنوی گلزار نسیم کے قصہ کو نہال چند لاہوری نے کس نام سے نثر میں قلمبند کیا تھا؟

(1) آتش عشق

(2) شعلہ عشق

(3) دریائے عشق

(4) مذہب عشق

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

80. مرزا سلامت علی دبیر کہاں پیدا ہوئے؟

(1) لکھنؤ

(2) فیض آباد

(3) دہلی

(4) پانی پت

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

81. ن۔م۔ راشد کی نظموں کا پہلا مجموعہ ''ماورا'' کب شائع ہوا؟

(1) 1949

(2) 1955

(3) 1941

(4) 1959

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

82. کن شاعروں کی مساعی سے قومی اور نیچرل شاعری کا آغاز ہوتا ہے؟

(1) حالی اور محمد حسین آزاد

(2) اقبال اور اختر شیرانی

(3) فیض اور اختر الایمان

(4) ن۔م۔ راشد اور میراں جی

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

83. ''اس مثنوی میں لکھنؤ کی بیگماتی زبان کے بڑے اچھے نمونے نظر آتے ہیں۔ اس کے علاوہ لکھنوی تہذیب و معاشرت کی سچی تصویر کشی بھی اس مثنوی کی ایک نمایاں خصوصیت ہے''۔

درج بالا خصوصیات کس مثنوی کی بیان کی گئی ہیں؟

(1) زہر عشق

(2) شعلۂ عشق

(3) بہار عشق

(4) فریب عشق

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

84. طرزِ فکر، ادا اور جدت اسلوب دلی دبستان کے شاعر کا خاصّہ ہے؟

(1) مومن خاں مومن

(2) میر تقی میرؔ

(3) مرزا غالبؔ

(4) شیفتہؔ

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

85. ادائیں کھینچی جو مرلی بجانے کی تصویر
کرشن جان کے لے رادھا کی روح پرن
یہ کس شاعر کے قصیدہ کا شعر ہے؟

(1) محسن کاکوروی

(2) جلال لکھنوی

(3) منیر شکوہ آبادی

(4) مومن خاں مومن

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

86. 1945ء میں "قندیل" کے نام سے کس شاعر کی نظموں کا مجموعہ منظر عام پر آیا؟

(1) ن۔م۔راشد

(2) اختر الایمان

(3) قیوم نظر

(4) فیض احمد فیض

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

87. ناسخؔ کو کس کی ہجو لکھنے پر لکھنؤ چھوڑنا پڑا تھا؟

(1) خواجہ اسد علی پر

(2) واجد علی شاہ پر

(3) آصف الدولہ پر

(4) حکیم مہدی کے زوال پر

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

88. "دریچہ" کس کی نظم ہے؟

(1) فیضؔ (2) سردار جعفری

(3) جوش (4) جذبی

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

89. "شاہد شوخ" کس لکھنوی شاعر کے دیوان کا نام ہے؟

(1) قلقؔ (2) ضاحک

(3) جلال لکھنوی (4) ناسخؔ

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

90. جذبات انسانی اور مضامین خیال کس مثنوی کے اصلی محور ہیں؟

(1) گلزار نسیم

(2) سحر البیان

(3) دریائے عشق

(4) زہر عشق

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

**.91** ذیل میں سے کون سی کتاب محمود شیرانی کا تحقیقی کارنامہ ہے؟

(1) دکن میں اردو

(2) سندھ میں اردو

(3) پنجاب میں اردو

(4) دہلی میں اردو

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

**.92** ذیل میں سے کون سی تنقیدی کتاب آل احمد سرور کی ہے؟

(1) سخن ہائے گفتنی

(2) تنقیدیں

(3) تخلیقی عمل اور اسلوب

(4) نئے پرانے چراغ

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

**.93** کسی کتاب کے تمام ہو جانے کے بعد کسی اور جزو کا اضافہ تحقیق کی اصطلاح میں کیا کہلاتا ہے؟

(1) تتمّہ

(2) الحاق

(3) ترتیب

(4) تضمین

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

**.94** ذیل میں سے کون سی تنقیدی کتاب کلیم الدین احمد کی ہے؟

(1) فن داستان گوئی

(2) اردو کی نثری داستانیں

(3) ادبی سماجیات

(4) فکری پس منظر

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

**.95** ''ادب اور زندگی'' کس کے تنقیدی مضامین کا مجموعہ ہے؟

(1) مجنوں گورکھپوری

(2) آل احمد سرور

(3) شارب ردولوی

(4) احتشام حسین

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

**.96** دیوان غالب کو زمانی اعتبار سے کس نے ترتیب دیا ہے؟

(1) مولوی عبدالحق

(2) مولانا امتیاز علی خاں عرشی

(3) نصیر الدین ہاشمی

(4) قاضی عبدالودود

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

97. ذیل میں سے کس نے مخطوطات کی وضاحتی فہرست "جائزہ مخطوطات اردو" کے نام سے مرتب کی ہے؟

(1) مالک رام

(2) مشفق خواجہ

(3) حنیف نقوی

(4) قاضی عبدالودود

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

98. مقدمہ شعر و شاعری کا سن اشاعت کیا ہے؟

(1) 1890ء

(2) 1891ء

(3) 1893ء

(4) 1897ء

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

99. ذیل میں سے کون سی کتاب شبلی نعمانی کی ہے؟

(1) مقدمہ شعر و شاعری

(2) مشرقی شعریات

(3) شعر العجم

(4) تنقیدی پیرائے

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

100. مندرجہ ذیل شعر کس کا ہے؟

ان ظالموں کے ہاتھ سے مجھ کو چھڑائیو
مشہور ہے جہاں میں تری داد یا عمر

(1) ابوالحسن شرقی

(2) بیتاب جودھپوری

(3) خواجہ نجم الدین

(4) احسن بہادر پوری

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

101. اسیروں کی حالت اگر دیکھنی ہو
تو زنداں کے دیوار و در آ کے دیکھو

اس شعر کے خالق کون ہیں؟

(1) شفق ٹونکی

(2) بسمل بھرت پوری

(3) نواب مکرم جے پوری

(4) بسمل عظیم آبادی

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

102. ذیل میں سے کس زمرے کی کتابیں قاضی عبدالودود کی ہیں؟

(1) جہان غالب اور عیارستان

(2) تعین زمانہ اور تحقیق کا فن

(3) ہماری شاعری اور نقوش وافکار

(4) شعر و زبان اور شعر، غیر شعر اور نثر

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

103. نظم ''ساقی اُٹھ تلوار اٹھا'' کے خالق کون ہیں؟

(1) خنداں ٹونکی

(2) عاصم جے پوری

(3) اختر شیرانی

(4) کوثر جودھپوری

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

104. اک دن وہ تھا کہ سارے چمن پر تھا اختیار

اب میرا آشیاں بھی میرا آشیاں نہیں

درج بالا شعر کے خالق کون ہیں؟

(1) محمود الحسن بہار ٹونکی

(2) سید نظیر حسن سخا

(3) تیغ انصاری

(4) عزیز اللہ خاں نثار

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

105. ''داستان انقلاب'' از ظہیر کس صنف سے قریب ہے؟

(1) تاریخ

(2) شہر آشوب

(3) تنقید

(4) منظوم تذکرہ

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

106. راجیندر سنگھ والئی ریاست جھالاواڑ کا تخلص کیا تھا؟

(1) اکبر

(2) اسد

(3) مخمور

(4) مجاز

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

107. ''بادشاہ حسین'' کیا تخلص رکھتے تھے؟

(1) آتش

(2) جوالا

(3) رعنا

(4) شعلہ

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

108. مثنوی 'تائید الاسلام' ریاست ٹونک کے کس نواب کے عہد میں لکھی گئی؟

(1) امیر علی خان

(2) وزیر الدولہ

(3) محمد علی خاں

(4) سعادت علی خاں

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

**109.** 1857 سے قبل ذیل میں سے کس شاعر نے انگریزوں کے بڑھتے ہوئے اثرات سے بیدار کرنے کی کوشش کی؟

(1) بانکی داس

(2) پیتامبر داس

(3) شمبھو داس

(4) جانکی داس

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

**110.** روئے آنسو اس قدر ہم ہجر میں
اشک کے طوفاں سے دریا ہو گیا

درج بالا شعر میں کون سی صنعت ہے؟

(1) حشو قبیح

(2) حشو ملیح

(3) حشو متوسط

(4) استدراک

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

**111.** "وطن کا گیت" کا خالق کون ہے؟

(1) شفق ٹونکی

(2) تشنہ

(3) بسمل بھرت پوری

(4) ظہیرؔ

(5) سوال حل نہیں کیا گیا



**112.** ذیل میں سے کون سا متبادل علمِ بیان کے اجزائے ترکیبی میں شامل ہے؟

(1) تلمیح

(2) تضاد

(3) حسنِ تعلیل

(4) استعارہ

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

**113.** کلام میں ایسے دو الفاظ کا لانا جو حروف کے انواع، اعداد، ترتیب اور حرکات و سکنات میں مشابہ ہوں، کیا کہلاتی ہے؟

(1) تجنیس ناقص وزائد

(2) تجنیس خطی

(3) تجنیس مرکب

(4) تجنیس تام

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

**114.** بلاغت کے لغوی معنٰی کیا ہیں؟

(1) منظر نگاری

(2) تیز زبانی

(3) لکنت

(4) جذبہ

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

115. ذیل میں سے وہ کون سی صنعت ہے، جس میں شاعر ایسے اشعار لکھتا ہے جن کے ہر مصرعے کے ابتدائی حروف سے کوئی نام، عبارت یا شعر بنتا ہے؟

(1) توشیح (2) توسیم

(3) تلمیح (4) تفریح

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

116. پھر مجھے دیدۂ تر یاد آیا

دل جگر تشنۂ فریاد آیا

درج بالا شعر میں قافیوں کی کون سی صورت استعمال کی گئی ہے؟

(1) معمولہ

(2) تنوع تکرار

(3) ایطائے خفی

(4) ایطائے جلی

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

117. صنعت طباق کو اور کس نام سے موسوم کیا جاتا ہے؟

(1) صنعت تدارک

(2) صنعت توجیہ

(3) صنعت تضاد

(4) صنعت تناسب

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

118. مجھ سے گیا ما و من دیکھ کے تیرے نین

دیکھ کے تیرے نین مجھ سے گیا ما و من

اس شعر میں کون سی صنعت موجود ہے؟

(1) حسن تعلیل

(2) تلمیح

(3) ایہام

(4) تقلیب

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

119. وہ کنایہ جس میں لازم و ملزوم کے درمیان واسطے بہت کم ہوں لیکن تھوڑی سی پوشیدگی ہو، تو اسے کیا کہتے ہیں؟

(1) تعریض (2) تلویح

(3) ایماواشارہ (4) رمز

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

120. ذیل میں صنائع لفظی کے لحاظ سے کون سازمرہ صحیح ہے؟

(1) ایداع، فوق النقاط، تجاہل عارفانہ، تلمیح

(2) اشتقاق، تجنیس، ردالعجز، قلب

(3) توریہ، تنسیق الصفات، حسن تعلیل، قلب

(4) طباق، غلو، لف ونشر، ذوالقافیتین

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

121. گریرسن نے مغربی ہندی اور مشرقی ہندی کی درجہ بندی بنیادی طور پر کس کے بیان پر کی ہے؟

(1) جیولزبلاک

(2) کیلاگ

(3) سنیتی کمار چٹرجی

(4) ہیورنلے

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

122. اردھ ماگدھی پراکرت کس علاقے میں بولی جاتی تھی؟

(1) بہار سے الٰہ آباد تک

(2) دلی سے آگرہ تک

(3) آگرہ سے متھرا تک

(4) میرٹھ سے الٰہ آباد تک

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

123. پروفیسر مسعود حسین خان نے اردو کو ابتداء کا سراغ پانے کے لیے کن بولیوں کی اہمیت پر زور دیا ہے؟

(1) نواحِ دہلی کی بولیوں پر

(2) پنجابی بولی پر

(3) سندھی بولی پر

(4) راجستھانی بولی پر

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

124. کس ماہر لسانیات کے مطابق اردو کے آغاز کی تاریخ سن 1193ء ہے؟

(1) نصیرالدین ہاشمی (2) مولوی عبدالحق

(3) مسعود حسین خاں (4) شوکت سبزواری

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

125. اردو کے پنجابی سے مشتق ہونے یا سرزمین پنجاب سے منسوب ہونے کے نظریے سے متعلق کون سا زمرہ صحیح ہے؟

(1) پروفیسر مسعود حسین خاں، محی الدین قادری زور، ژول بلاک، محمود شیرانی

(2) محمود شیرانی، شیر علی سرخوش، جارج گریرسن، ٹی گراہم بیلی

(3) سید سلیمان ندوی، محمود شیرانی، ٹی گراہم بیلی، آمنہ خاتون

(4) محمود شیرانی، شیر علی سرخوش، ڈاکٹر سہیل بخاری، ٹی گراہم بیلی

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

126. محمد حسین آزاد کے علاوہ ذیل میں سے کس نے اردو کے برج بھاشا سے پیدا ہونے کی بات کی ہے؟

(1) روڈولف ہیورنلے (2) نصیرالدین ہاشمی

(3) ژول بلاک (4) گریرسن

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

127. مندرجہ ذیل میں سے کس بولی کا تعلق شورسینی اپ بھرنش سے نہیں ہے؟

(1) پنجابی (2) کھڑی بولی

(3) سندھی (4) راجستھانی

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

128. لفظ اپ بھرنش کا مطلب کیا ہے؟

(1) عالموں کی زبان (2) ان پڑھوں کی زبان

(3) شاعروں کی زبان (4) فلسفیانہ زبان

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

129. سید سلیمان ندوی نے اپنی کس تصنیف میں اردو کی جائے پیدائش وادیٔ سندھ کو قرار دیا ہے؟

(1) تاریخ سلیمانی (2) نقش سلیمانی

(3) نقوش سلیمانی (4) ذکر سلیمانی

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

130. گریرسن نے مغربی ہندی کی پانچ بولیوں کو کتنے گروہوں میں تقسیم کیا ہے؟

(1) پانچ (2) چار

(3) تین (4) دو

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

131. ان میں سے کون سی بولی مغربی ہندی کا حصّہ ہے؟

(1) راجستھانی (2) بندیلی

(3) اودھی (4) پنجابی

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

132. 'آلھا اودل' کے قصّے کس بولی میں موجود ہیں؟

(1) قنوجی (2) بندیلی

(3) برج بھاشا (4) کھڑی بولی

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

133. "قدیم پنجابی اردو کی ماں ہے اور قدیم کھڑی بولی سوتیلی ماں"۔ یہ کس ماہر لسانیات کا قول ہے؟

(1) محمود شیرانی

(2) ٹی۔ گراہم بیلی

(3) نصیرالدین ہاشمی

(4) محی الدین قادری زور

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

134. مغربی ہند کی کس بولی کو شورسینی اپ بھرنش کی سچی جانشین بھی کہا گیا ہے؟

(1) کھڑی بولی (2) ہریانوی

(3) قنوجی (4) برج بھاشا

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

135. ذیل میں سے کس بولی میں اسما، صفات اور افعال کا خاتمہ بالعموم (آ) پر ہوتا ہے؟

(1) برج (2) بندیلی

(3) قنوجی (4) کھڑی بولی

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

136. سب سے پہلے اردو پر ہریانوی بولی کے گہرے اثرات مرتب ہونے کی بات کس نے کہی تھی؟

(1) ژول بلاک (2) ٹی۔ گراہم بیلی

(3) گریرسن (4) محمد حسین آزاد

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

137. ذیل میں سے کس مقام کی برج بھاشا معیاری مانی جاتی ہے؟

(1) آگرہ (2) متھرا

(3) علی گڑھ (4) بلند شہر

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

138. مغربی ہندی کے شمال مغرب میں کون سی بولی/زبان بولی جاتی تھی؟

(1) مراٹھی (2) پنجابی

(3) گڑھوالی (4) راجستھانی

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

139. ذیل میں سے کون سی زبان/بولی دہلی کے شمال مشرق میں جمنا پار کے علاقے میں پھیلی ہوئی ہے؟

(1) برج بھاشا (2) کھڑی بولی

(3) پنجابی (4) ہریانی

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

140. اردو میں مستعمل خالص عربی حروف کے ضمن میں صحیح زمرے کی نشاندہی کیجیے۔

(1) ب، ت، ج، خ، ع

(2) ذ، ض، ط، ظ، ث

(3) ذ، ض، د، ر، ز

(4) ر، ز، س، ش، ع

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

141. ذیل میں سے کون سی آوازیں عربی اور فارسی میں مشترک ہیں؟

(1) ق، ژ، ع، غ (2) ح، خ، د، ذ

(3) خ، ز، غ، ف (4) ر، ز، ع، غ

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

142. دہلی میں ہریانوی بولی کس نام سے مشہور تھی؟

(1) جاٹو (2) بانگڑو

(3) گجری (4) لہندا

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

**143.** ''توبہ کرنا'' کس فارسی مرکب فعل کا ترجمہ ہے؟

(1) توبہ آمدن (2) توبہ کردن

(3) توبیدن (4) توبہ گزاردن

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

**144.** لفظ ''بادل ناخواستہ'' کس زبان سے اردو میں مستعار ہے؟

(1) عربی (2) فارسی

(3) ترکی (4) پشتو

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

**145.** اردو کے لیے عربی فارسی رسم خط کا استعمال باقاعدہ کس کے ہاتھوں سے شروع ہوا؟

(1) نظامی بیدری

(2) خواجہ بندہ نواز گیسو دراز

(3) مسعود سعد سلمان

(4) امیر خسرو

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

**146.** اردو کا موجودہ رائج طرزِ تحریر اور اندازِ کتابت کیا کہلاتا ہے؟

(1) خط نسخ (2) خط نستعلیق

(3) خطِ ثُلث (4) خط شکستہ

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

**147.** سَلَمَہٗ اور اِلٰی آخِرِہٖ میں کون سی ضمیر عربی سے اردو میں آئی ہے؟

(1) واحد مذکر حاضر (2) واحد مؤنث حاضر

(3) واحد مذکر غائب (4) واحد مؤنث غائب

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

**148.** ذیل میں سے کون سا عطفی مرکب اسماء سے تشکیل شدہ ہے؟

(1) سرد و گرم (2) خرید فروخت

(3) حسین و جمیل (4) شب و روز

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

**149.** پروفیسر گیان چند جین کے مطابق اردو میں عربی، فارسی اور ترکی الفاظ کی تعداد کتنی فیصد ہے؟

(1) $24\frac{1}{2}\%$ (2) $25\frac{1}{2}\%$

(3) $26\frac{1}{2}\%$ (4) $30\frac{1}{2}\%$

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

**150.** کسرۂ اضافت کس زبان کا اہم تحریری عنصر ہے جو اردو میں رائج ہوا؟

(1) عربی فارسی (2) ترکی

(3) سنسکرت (4) پشتو

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

## रफ कार्य के लिए स्थान / SPACE FOR ROUGH WORK